The Absolute Reality

www.quran4u.com

وَإِنَّهُ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِينَ

اور یہ (کتاب) تو پرہیز گاروں کے لیے نصیحت ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة الحاقة

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

سچ مچ ہونے والی	.1
سچ مچ ہونے والی کیا ہے	.2
اور تم کو کیا معلوم ہے کہ وہ سچ مچ ہونے والی کیا ہے	.3
کھڑ کھڑانے والی (جس) کو ثمود اور عاد (دونوں) نے جھٹلایا	.4
سو ثمود تو کڑک سے ہلاک کر دیے گئے	.5
رہے عاد تو ان کا نہایت تیز آندھی سے ستیاناس کر دیا گیا	.6
خدا نے اس کو سات رات اور آٹھ دن ان پر چلائے رکھا تو لوگوں کو اس میں (اس طرح) ڈہے (اور مرے) پڑے دیکھے جیسے کھجوروں کے کھوکھلے تنے	.7

.8	بھلا تو ان میں سے کسی کو بھی باقی دیکھتا ہے؟
.9	اور فرعون اور جو لوگ اس سے پہلے تھے اور وہ جو الٹی بستیوں میں رہتے تھے سب گناہ کے کام کرتے تھے
.10	انہوں نے اپنے پروردگار کے پیغمبر کی نافرمانی کی تو خدا نے بھی انکو بڑا سخت پکڑا
.11	جب پانی طغیانی پر آیا تو ہم نے تم (لوگوں) کو کشتی میں سوار کر لیا
.12	تاکہ اس کو تمہارے لئے یادگار بنائیں اور یاد رکھنے والے کان اسے یاد رکھیں
.13	تو جب صور میں ایک (بار) پھونک مار دی جائے گی
.14	اور زمین اور پہاڑ دونوں اٹھا لئے جائیں گے پھر ایک بارگی توڑ پھوڑ کر برابر کر دیئے جائیں گے
.15	تو اس روز ہو پڑنے والی (یعنی قیامت) ہو پڑے گی
.16	اور آسمان پھٹ جائے گا تو وہ اس دن کمزور ہو گا
.17	اور فرشتے اس کے کناروں پر اتر آئیں گے اور تمہارے پروردگار کے عرش کو اس روز آٹھ فرشتے اٹھائے ہوں گے
.18	اس روز تم (سب لوگوں کے سامنے) پیش کئے جاؤ گے اور تمہاری کوئی پوشیدہ بات چھپی نہ رہے گی
.19	تو جس کا (اعمال) نامہ اسکے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ (دوسروں) سے کہے گا کہ لیجئے میرا نامہ (اعمال) پڑھیے
.20	مجھے یقین تھا کہ مجھ کو میرا حساب (کتاب) ضرور ملے گا
.21	پس وہ (شخص) من مانے عیش میں ہو گا
.22	پھر ہم ہی نے اس میں اناج اگایا
.23	جن کے میوے جھکے ہوئے ہوں گے

جو (عمل) تم ایام گزشتہ میں آگے بھیج چکے ہو اس کے صلے میں مزے سے کھاؤ اور پیئو	.24
اور جس کا نامہ (اعمال) اسکے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا اے کاش مجھ کو میرا (اعمال) نامہ نہ دیا جاتا	.25
اور مجھے معلوم نہ ہو تا کہ میرا حساب کیا ہے؟	.26
اے کاش موت (ابد الا آباد کیلئے میرا کام) تمام کر چکی ہوتی	.27
میرا مال میرے کچھ بھی کام نہ آیا۔	.28
(ہائے) میری سلطنت خاک میں مل گئی	.29
(حکم ہو گا کہ) اسے پکڑ لو اور طوق پہنا دو	.30
پھر اسے دوزخ کی آگ میں جھونک دو	.31
پھر زنجیر سے جس کی ناپ ستر گز ہے جکڑ دو	.32
یہ نہ تو خدائے جل شانہ پر ایمان لاتا تھا	.33
اور نہ فقیر کے کھانا کھلانے پر آمادہ کرتا تھا۔	.34
سو آج اس کا بھی یہاں کوئی دوست دار نہیں	.35
اور نہ پیپ کے سوا (اسکے لئے) کھانا ہے	.36
جس کو گناہ گاروں کے سوا کوئی نہیں کھائے گا	.37
تو ہم کو ان چیزوں کی قسم جو تم کو نظر آتی ہیں	.38
اور انکی جو نظر نہیں آتی	.39
کہ یہ (قرآن) فرشتہ عالی مقام کی زبان کا پیغام ہے	.40
اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں مگر تم لوگ بہت ہی کم ایمان لاتے ہو	.41

اور نہ کسی کاہن کے مزخرفات ہیں لیکن تم لوگ بہت کم فکر کرتے ہو	.42
(یہ تو) پروردگار عالم کا اتارا ہوا ہے	.43
اگر یہ پیغمبر ہماری نسبت کوئی بات جھوٹ بنالائے	.44
تو ہم ان کا داہنا ہاتھ پکڑ لیتے	.45
پھر ان کی رگ گردن کاٹ ڈالتے	.46
پھر تم میں سے کوئی ہمیں اس سے روکنے والا نہ ہوتا	.47
اور یہ (کتاب) تو پرہیزگاروں کے لیے نصیحت ہے	.48
اور ہم جانتے ہیں کہ تم میں سے بعض اس کو جھٹلاتے ہیں	.49
نیز یہ کافروں کے لئے (موجب) حسرت ہے	.50
اور کچھ نہیں کہ یہ برحق قابل یقین ہے۔	.51
سو تم اپنے پروردگار عزوجل کے نام کی تنزیہہ (تسبیح) کرتے رہو۔	.52

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com